17.01.2025

13.50 Hrs

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں .......... آسیہ میمونہ

---

1 وزیر اعظم نریندر مودی نے نئی دلی میں بھارت موبیلیٹی گلوبل ایکسپو کا افتتاح کیا۔ انہوں نے سرکاری مدد، ماحول کے لئے سازگار ٹیکنالوجی اور میک اِن انڈیا پہل پر زور دیتے ہوئے، نقل و حمل کے شعبے میں بھارت کو سرمایہ کاری کا ایک پسندیدہ ملک بننے کے اہل ملک کے طورپر اجاگر کیا۔

2 صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے نئی دلی میں راشٹرپتی بھون میں کھیل کود کے 2024 کے قومی انعامات تقسیم کئے۔

3 وزیر خارجہ ایس جے شنکرنے بینگلورو میں نیا امریکی قونصل خانہ کھولے جانے کی تعریف کی جو امریکہ کے ساتھ تعلقات کو مستحکم کرنے کے لئے لازمی ہے۔

4 دلی اسمبلی انتخابات کے لئے نامزدگیاں داخل کرنے کا عمل آج شام ختم ہوجائے گا۔

5 پاکستان کے سابق وزیر اعظم عمران خان کو زمین سے متعلق بدعنوانی کے ایک کیس میں 14 سال قید کی سزا سنائی گئی ہے۔

6 اور آسٹریلیا اوپن ٹینس میں

بھارت کے روہن بوپنا چین کے اپنے ساتھی Zhang Shuai کے ساتھ مل کر مکسڈ ڈبلز کے دوسرے راؤنڈ میں پہنچ گئے ہیں۔

---

PM Bharat Mobility

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج نقل و حمل کے شعبے میں، سرمایہ کاری کے ایک پسندیدہ ملک کے طور پر بھارت کی صلاحیت کو اجاگر کیا ہے۔ انہوں نے سرکاری مدد، ماحول کیلئے سازگار ٹیکنالوجی اور میک اِن انڈیا پہل پر زور دیا۔

جناب مودی آج نئی دلی کے بھارت منڈپم میں، ملک میں نقل و حمل سے متعلق سب سے بڑی نمائش "بھارت موبیلیٹی گلوبل ایکسپو 2025" کا افتتاح کرنے کے بعد اظہار خیال کررہے تھے۔

جناب مودی نے زور دے کر کہا کہ بھارت کے نقل و حمل سے متعلق شعبے میں بے مثال طور پر یکسر تبدیلی آرہی ہے جس کی وجہ ملک کے عوام کی امنگیں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وِکست بھارت کے سفر میں بے مثال یکسر تبدیلی آئے گی اور نقل و حمل کے شعبے میں غیر معمولی ترقی ہوگی۔

انھوں نے خاص طور پر کہا کہ ملک کی آٹو صنعت میں پچھلے سال 12 فیصد سالانہ کا اضافہ ہوا ہے۔ جناب مودی نے یہ بھی کہا کہ میک اِن انڈیا قدم سے ملک کی آٹو صنعت کی ترقی کے منظرنامے کو تقویت ملی ہے۔

وزیر اعظم نے مزید کہا کہ بھارت لاجسٹک سے متعلق اپنی نئی قومی پالیسی کی وجہ سے دنیا کا سب سے زیادہ مسابقتی لاجسٹک ملک بن گیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ آج سفر میں آسانی حکومت کے لئے اعلیٰ ترین ترجیح ہے۔ جناب مودی نے یہ بھی اشاہ دیا کہ بھارت ماحول کے لئے سازگار ٹیکنالوجی، الیکٹرک گاڑیوں، ہائیڈروجن ایندھن اور بایو ایندھن کے فروغ پر توجہ مرکوز کررہا ہے۔ انھوں نے زور دے کر کہا کہ ملک ہر اُس سرمایہ کار کے لئے ایک غیر معمولی ملک بن گیا ہے جو نقل و حمل کے شعبے میں اپنا مستقبل بنانا چاہتا ہے۔

انھوں نے یہ بھی کہا کہ پچھلے سال 800 سے زیادہ نمائش کاروں نے حصہ لیا تھا اور ڈیڑھ لاکھ سے زیادہ لوگ اِس ایکسپو کو دیکھنے آئے تھے۔ وزیر اعظم نے، ایکسپو میں آٹو موٹیو اور نقل و حمل کے شعبے میں اُن پویلینوں کا بھی جائزہ لیا جن میں اختراعات اور حصولیابیوں کو نمایاں کیا گیا ہے۔

اِس سے پہلے اِس موقعے پر تجارت کے مرکزی وزیر پیوش گوئل نے کہا کہ بھارت موبیلیٹی گلوبل ایکسپو 2025، آٹو موبیل اور اِس سے متعلق تجارت میں دنیا کی دوسری سب سے بڑی تقریب ہے۔ انھوں نے یہ بھی کہا کہ بھارت، سہ پہیہ گاڑیاں اور ٹریکٹر تیار کرنے والا سب سے بڑا ملک بن گیا ہے۔

اِس ایکسپو کا موضوع ہے ”سرحدوں سے پرے: مستقبل کی آٹوموٹیو ویلیو چین کی مشترکہ تخلیق“۔ بھارت موبیلیٹی گلوبل ایکسپو میں داخلہ اِس ماہ کی 19 سے 22 تاریخ تک سبھی کیلئے مفت ہے۔

PM Vad Nagar

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج کہا ہے کہ گجرات میں واڑھ نگر کی شاندار تاریخ ڈھائی ہزار سال سے زیادہ قدیم ہے۔ سوشل میڈیا پر ایک ویڈیو شیئر کرتے ہوئے وزیر اعظم نے اس بات کو اُجاگر کیا کہ اس تاریخی ورثے کو محفوظ رکھنے کے لیے منفرد اقدامات کیے گئے ہیں۔ وزیر اعظم کا یہ بیان اُس وقت سامنے آیا ہے، جب ایک دن قبل وزیر داخلہ امت شاہ نے واڑھ نگر میں ایک جدید میوزیم اور آثارِ قدیمہ کے تشریحی مرکز کا افتتاح کیا تھا۔

Prez Natinal Sports Award

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے آج نئی دلی میں راشٹرپتی بھون میں کھیل کود کے، 2024 کے قومی انعامات تقسیم کئے۔ شطرنج کے عالمی چمپئن ڈی گوکیش، پیرس اولمپکس میں دو بار تمغہ جیتنے والی منوبھاکر، مردوں کے ہاکی ٹیم کپتان ہرمن پریت سنگھ اور پیرس اولمپکس میں سونے کا تمغہ جیتنے والے پروین کمار کو، باوقار میجر دھیان چند کھیل رتن ایوارڈس سے نوازا گیا ہے۔

یہ ایوارڈ پچھلے 4 سال کے دوران کسی کھلاڑی کی قابل تحسین اور غیر معمولی کارکردگی پر دیا جاتا ہے۔ معذور افراد کی نشانے بازی کے کوچ سبھاش رانا، نشانے بازی کوچ دیپالی دیش پانڈے، ہاکی کوچ سندیپ سانگوان، بیڈمنٹن کوچ ایس مرلی دھرن اور فٹبال کوچ ’ارمانڈو ایگنیلو کولاکو‘ کو، دروناچاریہ ایوارڈ سے نوازا گیا ہے۔

ارجن انعامات 32 کھلاڑیوں کو دیئے گئے ہیں۔ اِن میں ایتھلیٹس جیوتی Yarraji اور انّو رانی، مکے باز نیتو اور سَویتی، شطرنج کھلاڑی ونتکا اگروال، ہاکی کھلاڑی سلیمہ ٹِیٹے، ابھیشیک، سنجے، جرمن پریت سنگھ اور سکھجیت سنگھ شامل ہیں۔ انعام پانے والی دیگر شخصیتوں میں معذور افراد کے تیر انداز راکیش کمار، معذور افراد کی ایتھلیٹس پریتی پال، جیون جی دیپتی، اجیت سنگھ اور سچن کھلاڑی بھی شامل ہیں۔آزمودہ کار ایتھلیٹ سُچا سنگھ اور آزمودہ کار معذور افراد کے تیراک مرلی کانت پیٹکر کو زندگی بھر کی خدمات کے صلے میں ارجن ایوارڈ سے نوازا گیا ہے۔ چنڈی گڑھ یونیورسٹی کو مولانا ابوالکلام آزاد ٹرافی دی گئی ہے۔ اِس یونیورسٹی کو ”کھیلو انڈیا یونیورسٹی گیمز“ میں مجموعی طور پر اعلیٰ کارکردگی پیش کرنے پر یہ ٹرافی دی گئی ہے۔ x

Bengaluru New US Consulate

امریکہ نے آج بینگلورو میں اپنا قونصل خانہ کھولا ہے جو بھارت اور امریکہ کے درمیان سفارتی تعلقات میں اضافہ کرنے کا ایک اہم قدم ہے۔ قونصل خانے کی افتتاحی تقریب میں وزیر خارجہ ایس جے شنکر اور امریکہ کے سفیر Eric Garcetti نے شرکت کی۔

ڈاکٹر جے شنکر نے اِس موقعے پر کہا کہ بینگلورو میں ایک نیا امریکی قونصل خانہ، امریکہ کے ساتھ تعلقات میں وسعت اور گہرائی لانے کے لئے اہم ہے۔ وزیر موصوف نے اشارہ دیا کہ دونوں ہی ملکوں میں خاص طور پر AI، خلاء کے شعبے، دفاع، ڈرون، بایو ٹیکنالوجی وغیرہ کے میدانوں میں اشتراک کی صلاحیت موجود ہے۔ انھوں نے کہا کہ بینگلورو میں اِس قونصل خانے سے، کاروبار، تعلیم، تکنیکی کمپنیوں اور عوام کو مدد ملے گی۔انھوں نے امید ظاہر کی کہ نیا قونصل خانہ اپنی ویزا خدمات، جلد ہی شروع کردے گا۔x

DELHI NOMINATION

دلّی اسمبلی انتخابات کیلئے کاغذات نامزدگی داخل کرنے کا آج آخری دن ہے۔ اب تک کُل 841 نامزدگی پرچے داخل کیے جاچکے ہیں۔ نامزدگی داخل کرنے کا عمل اِس مہینے کی 10 تاریخ کو شروع ہوا تھا اور امیدوار پیر کے روز تک اپنے نامزدگی پرچے واپس لے سکتے ہیں۔ دلّی اسمبلی انتخابات کیلئے ووٹنگ اگلے مہینے کی پانچ تاریخ کو ہوگی جبکہ ووٹوں کی گنتی 8 فروری کو کی جائے گی۔x

Saif Attacker

ممبئی پولیس نے آج ایک شخص کو فلم اداکار سیف علی خان پرحملے کے سلسلے میں حراست میں لیا ہے۔ اِس مشتبہ شخص کو مزید پوچھ تاچھ کے لئے باندرہ پولیس اسٹیشن لایا گیا ہے۔ سیف علی خان پر بدھ کی دیر رات، باندرہ میں اُن کی رہائش گاہ پر ایک درانداز نے چاقو سے حملہ کردیا تھا۔ سیف کو لیلاوتی اسپتال لے جایا گیا جہاں اُن کا آپریشن کیا گیا اور ڈاکٹروں کے مطابق اب وہ خطرے سے باہر ہیں۔

Imran Khan Sentenced

پاکستان کے سابق وزیر اعظم عمران خان کو، 14 سال قید کی سزا سنائی گئی ہے۔ انہیں یہ سزا 19 کروڑ پاؤنڈ کے، القادر ٹرسٹ کیس کے سلسلے میں سنائی گئی۔ اُن کی اہلیہ بشریٰ بی بی کو سات سال قید

کی سزا سنائی گئی ہے۔ یہ فیصلہ آج اڈیالہ جیل میں ایک عارضی طور پر قائم کئے گئے عدالتی کمرے میں جج ناصر جاوید رانا نے سنایا، جہاں سخت حفاظتی انتظامات کئے گئے تھے۔

عمران خان پر قید کی سزا کے ساتھ ساتھ دس لاکھ پاکستانی روپے کا جرمانہ اور اُن کی اہلیہ پر 5 لاکھ پاکستانی روپے کا جرمانہ عائد کیا گیا ہے۔x

Tenis Australia Open

ٹینس میں بھارت کے سرکردہ ٹینس کھلاڑی روہن بوپنّا چین کے اپنے ساتھی کھلاڑی Zhang Shuai کے ساتھ آج صبح مردوں کے ڈبلز مقابلوں میں باوقار آسٹریلین اوپن ٹورنامنٹ کے دوسرے راؤنڈ میں پہنچ گئے ہیں۔ بھارت اور چین کی اس جوڑی نے پہلے راؤنڈ میں کروشیا اور فرانس کی جوڑی کو 6-4, 6-4 کے سیدھے سیٹوں میں شکست دی۔×

★★★★